# PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

**Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267**
**Fax No. 091-9210258**

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

**Session 5th**

**Notice No. 57**

| | |
|---|---|
| **Received Dated** | **01 / 07 /2024** |
| **Admitted Dated** | **15 / 07 /2024** |
| **Department** | **Home & Tribal Affairs** |

توجہ دلاو نوٹس نمبر 57

منجانب:۔ محترمہ ثوبیہ شاہد، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ ضلع دیر لوئر منڈہ کے یتیم خانہ مدرسہ میں 8 سالہ بچی کی پر اسرار موت کی رپورٹ میں اگرچہ جنسی فعل کی طرف اشارہ موجود ہے لیکن واضح پتہ لگتا ہے کہ میڈیکل رپورٹ بھی سیاسی دباؤ اور مداخلت کے نتیجے میں بنایا گیا ہے رپورٹ میں ملزمان کو سہولت فراہم کرنے اور جرم کو کم کرنے کی کوشش کی گئ ہے کیونکہ چار دن تک اس گرمی میں لاش کو چھپایا اور جب تعفن پیدا ہونے لگا تو خاندان والوں کو اطلاع دی اور بستر گرنے جیسی نامعقول سبب کو جرم چھپانے کے لیے سبب قرار دیا۔ اور اس واقعے کے بعد کا سی سی ٹی وی ریکارڈ ڈیلیٹ کرنے میں کیا منطق ہے یتیم خانہ دار عمر منڈہ دیر لوئر میں اس سفاکانہ اور وحشیانہ درندگی کے بعد اس میں موجود باقی بچوں اور بچیوں کی حفاظت سوالیہ نشان ہے۔